سوال

(01) الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ، حضور کے روضے پر پڑھنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض علما کہتے ہیں کہ، الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ، حضور کے روضے پر پڑھنا جائز ہے اور؟؟؟؟ ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضے پر اس طرح درود پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ قبر میں تمام مسلمانوں سے بھی خطاب کر کے سلام کہتے ہیں۔ السلام علیکم یا اہل القبور، ہاں اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاضر وناظر سمجھ کر اس طرح درود پڑھتا ہو تو یہ جائز نہیں ہے اور اگر اس ارادے سے پڑھتا ہوں کہ فرشتہ میرے اس درود کو اسی طرح پہنچا دے گا تو پھر اس طرح درود جائز ہے مگر غائبانہ صلوٰۃ ہو، اہلحدیث لاہور جلد نمبر ۳ شمارہ نمبر ۳۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 14